Ending Exploitative Taxation: A Zakat-Based System for Justice, Economic Growth & Welfare for All

استحصالی ٹیکسوں کا خاتمہ: زکوٰۃ پر مبنی عادلانہ نظام، معاشی ترقی اور ہمہ گیر فلاح

ڈاکٹر غازی عبد الرحمن قاسمی

اسسٹنٹ پروفیسر، ادارہ علوم اسلامیہ، بہاء الدین زکریا یونیورسٹی ملتان

gaqasimi@gmail.com
gaqasimi@bzu.edu.pk

Mob: 0300-7305895

Ending Exploitative Taxation: A Zakat-Based System for Justice, Economic Growth & Welfare for All

استحصالی ٹیکسوں کا خاتمہ: زکوٰۃ پر مبنی عادلانہ نظام، معاشی ترقی اور ہمہ گیر فلاح

ڈاکٹر غازی عبدالرحمن قاسمی

اسسٹنٹ پروفیسر، ادارہ علوم اسلامیہ، بہاءالدین زکریایونیورسٹی ملتان

gaqasimi@gmail.com

gaqasimi@bzu.edu.pk

Abstract

This paper critically examines the contemporary tax structure in Pakistan as a case study of exploitative taxation and contrasts it with an Islamic, zakāt-based alternative grounded in justice, equity, and public welfare. Drawing on modern public finance literature, the study highlights how a heavily indirect, regressive tax regime—dominated by consumption-based and corporate-shifted taxes—ultimately places a disproportionate burden on low- and middle-income groups, while influential elites and large corporations often escape with relatively light liabilities.

Building on this empirical and conceptual critique, the paper turns to Islamic legal and economic thought, analysing classical sources from the four Sunni schools, including Ibn Ḥazm, Ḥanafī jurists, and the juristic maxim taṣarruf al-imām ʿalā al-raʿiyyah manūṭun bi'l-maṣlaḥah (the ruler's decisions regarding the subjects are bound to their welfare).The research distinguishes clearly between:

(i) Legitimate, need-based and maṣlaḥah-oriented state levies that complement zakāt when Bayt al-Māl resources are insufficient, and

(ii) Forbidden exploitative levies and makūs, which are condemned in Qur'ān, Sunnah and classical fiqh as forms of injustice, usurpation, and structural oppression.

The paper argues that a zakāt-centred fiscal model—supported by other Sharīʿah-approved revenues and disciplined public expenditure—can function as a viable, non-exploitative alternative to the current tax regime. It outlines how a digitised, transparent and targeted zakāt system can reduce poverty, enhance purchasing power, stimulate domestic demand, correct wealth concentration, and ease the pressure on state budgets, while simultaneously strengthening social cohesion and trust. Finally, the study proposes a set of policy recommendations for Pakistan to move, in a phased and pragmatic manner, from an exploitative, regressive tax structure towards a zakāt-based welfare and growth model that is normatively Islamic, economically efficient, and socially inclusive.

Keywords:

1. Exploitative Taxation
2. Zakāt-Based Fiscal System
3. Public Welfare
4. Islamic Public Finance
5. Regressive Tax Structure

استحصالی ٹیکسیشن کا پس منظر اور نوعیت(Background and Nature of Exploitative Taxation)

جدید قومی معیشتوں میں ٹیکسیشن ریاستی آمدنی کا بنیادی ذریعہ سمجھا جاتا ہے، مگر جب یہی نظام عدمِ توازن، ناانصافی اور طبقاتی استحصال کا ذریعہ بن جائے تو معاشرتی ہم آہنگی، عوامی اعتماد اور معاشی ترقی سب بری طرح متاثر ہوتے ہیں۔ پاکستان سمیت بہت سے ترقی پذیر ممالک میں موجودہ ٹیکس ڈھانچہ اسی استحصالی مزاج کا حامل ہے، جہاں ٹیکس نیٹ محدود، ٹیکس کا بوجھ غیر متوازن اور بالواسطہ ٹیکسوں کی شرح 70 فیصد سے زائد ہے۔ اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ غریب اور متوسط طبقات اشیائے خورونوش، ادویات، بجلی، گیس اور ضروریاتِ زندگی پر وہی ٹیکس ادا کرتے ہیں جو ایک دولت مند شخص ادا کرتا ہے، جبکہ بااثر طبقات، بڑے کاروباری گروہ، صنعتکار اور جاگیر دار یا تو مکمل طور پر ٹیکس نیٹ سے باہر ہیں یا پیچیدہ قانونی سہولتوں کے ذریعے بآسانی بچ نکلتے ہیں۔ یہ عدمِ توازن معاشرے میں مایوسی، طبقاتی تقسیم اور ریاستی نظام پر بے اعتمادی پیدا کرتا ہے۔ مزید براں، بدعنوانی، غیر دستاویزی معیشت اور اسمگلنگ جیسے عوامل ٹیکس نظام کو مزید کمزور کرتے ہیں۔ یوں موجودہ ٹیکس نظام غربت، مہنگائی، معاشی ناہمواری، عدمِ مساوات، بدعنوانی اور ریاستی ڈھانچے پر عدمِ اعتماد کو مزید گہرا کر دیتا ہے، جس کے نتیجے میں صحت، تعلیم، فلاح اور معاشی استحکام جیسے بنیادی شعبے کمزور ہو جاتے ہیں۔ ایسے حالات میں ضروری ہے کہ ٹیکسیشن کے موجودہ ماڈل کو محض ظاہری اصلاحات سے نہیں بلکہ نظریاتی بنیادوں سے بدلا جائے۔ اسلامی معاشی فکر اس کا بہترین اور انسان دوست متبادل پیش کرتی ہے، جس کی اساس زکوٰۃ ہے ایک ایسا عادلانہ، متوازن اور ہمہ گیر نظام جو دولت کی پاکیزہ گردش، فقراء کی کفالت، سماجی ہم آہنگی، معاشی توازن اور ریاستی فلاح کے اصولوں پر مبنی ہے۔ یہ تحقیق اسی اسلامی تصورِ زکوٰۃ کو استحصالی ٹیکسیشن کے قابلِ اعتماد، مؤثر اور پائیدار متبادل کے طور پر پیش کرتی ہے۔

استحصالی ٹیکسوں کی وضاحت (Definition of Exploitative Taxation)

استحصالی ٹیکسوں (Exploitative Taxation) سے مراد ایسا ٹیکسیشن ڈھانچہ ہے جو معاشی انصاف کے بجائے کمزور طبقات (Vulnerable Groups) پر زیادہ بوجھ ڈالے اور امیر یا بااثر طبقے (Elite Class) کو ٹیکس سے بچ نکلنے کے راستے فراہم کرے۔

معروف معاشی مفکر جوزف اسٹگلٹز (Joseph Stiglitz) امریکہ کے عالمی شہرت یافتہ ماہرِ معاشیات، کولمبیا یونیورسٹی کے پروفیسر اور نوبیل انعام یافتہ اقتصادی مفکر ہیں۔ انہوں نے ایسے ٹیکس نظام کو "استحصالی" قرار دیا ہے جو غریبوں سے زیادہ اور امیروں سے کم وصول کرے، اور یوں دولت کا بہاؤ بالا طبقے کی طرف جاری رکھے۔ ان کے مطابق:

> The tax system also plays a key role, as we'll see later. Those at the top have managed to design a tax system in which they pay less than their fair share—they pay a lower fraction of their income than do those who are much poorer. We call such tax systems regressive.(1)

---

(1)Stiglitz, Joseph E. The Price of Inequality. New York & London: W. W. Norton & Company, 2012, p. 49.

”ٹیکس کا نظام بھی اس سارے معاملے میں اہم کردار ادا کرتا ہے، جیسا کہ آگے چل کر واضح ہو گا۔ بالائی طبقے نے ایسا ٹیکس ڈھانچہ بنالیا ہے جس میں وہ اپنی منصفانہ حصے سے کم ادائیگی کرتے ہیں—وہ اپنی آمدنی کا اس سے بھی کم حصہ ٹیکس میں دیتے ہیں جتنا اس سے کہیں کم آمدنی والے لوگ دیتے ہیں۔ ایسے ٹیکس نظاموں کو رجعتی (Regressive) ٹیکس سسٹم کہا جاتا ہے۔“

یہی بات ملکی معاشی ترقی میں ایک اہم رکاوٹ ہے کہ زیادہ آمدنی والے ٹیکس سے بچ جاتے ہیں اور متوسط و غریب طبقہ زیادہ ٹیکس ادا کرتا ہے اسی سے معاشی ناہمواری کے راستے ہموار ہوتے ہیں۔

اور یہ بھی یہ ایک اہم معاشی حقیقت ہے کہ اگرچہ ٹیکس بظاہر کارپوریٹ اداروں اور کمپنیوں پر عائد کیے جاتے ہیں، لیکن ان کا حتمی بوجھ (Incidence of Tax) زیادہ تر عام صارفین اور عوام کو ہی برداشت کرنا پڑتا ہے۔ ادارے بڑے کمال کی حکمت عملی سے ٹیکس کی لاگت کو اپنی اشیاء اور خدمات کی قیمتوں میں شامل کر دیتے ہیں۔ نتیجتاً، جب ایک صارف کوئی چیز خریدتا ہے یا کوئی سروس حاصل کرتا ہے، تو وہ انجانے میں ٹیکس کا وہ حصہ بھی ادا کر رہا ہوتا ہے جو دراصل ادارے کو دینا تھا۔ اس طرح، کمپنیاں یا ادارے اپنے کھاتوں میں ٹیکس ادا کرنے کے باوجود، درحقیقت عوام پر بوجھ ڈال کر مالیاتی طور پر سرخرو ہو جاتے ہیں، اور ٹیکس کی ادائیگی کا حقیقی دباؤ صارفین کی قوت خرید پر پڑتا ہے۔

لارنس ایس۔ سائیڈمَین (Laurence S. Seidman) امریکہ کے ممتاز ماہرِ معاشیات اور یونیورسٹی آف ڈیلاویئر میں پبلک فنانس کے پروفیسر ہیں۔ وہ لکھتے ہیں:

> INCIDENCE: WHO BEARS THE BURDEN?People, Not Firms, Ultimately Bear All Tax Burdens
> A variety of taxes are levied on business firms—payroll taxes, corporate income taxes,and sales taxes. In response, firms may do some or all of the following: raise product prices, passing some burden onto consumers; reduce wages, passing some burden onto workers; reduce dividends, passing some burden onto stockholders; reduce executive compensation, passing some burden onto managers. Hence, people,in their role as consumers,workers,stockholders, and managers will ultimately bear the burden of taxes levied on business firms.The purpose of incidence analysis is to determine which people bear how much of the burden from particular taxes. In this chapter we use the supply-demand diagram to analyze the incidence of tax burdens and explain how the tax burden is divided between suppliers (sellers) and demanders (buyers). Two examples are a tax on gasoline and a payroll tax. For the gasoline tax, the suppliers are gas station firms and the demanders are drivers. When we show how much of the burden falls on the suppliers—business firms—it should be understood that these firms then pass the burden onto the workers, managers, and owners, who ultimately bear the burden. For the payroll tax, the suppliers of labor are the workers and the demanders are business firms. When we show how much of the burden falls on the demanders—the firms—it should be understood that the firms then pass the burden onto consumers, managers, and owners, who ultimately bear the burden. **(2)**

([2]) Seidman, Laurence S. Public Finance. University of Delaware, 2009, p. 168

”ٹیکس کا بوجھ کون اٹھاتا ہے؟ آخرکار ٹیکسوں کا بوجھ لوگ ہی اٹھاتے ہیں، ادارے نہیں۔ کاروباری اداروں پر مختلف اقسام کے ٹیکس عائد کیے جاتے ہیں، جیسے پے رول ٹیکس، کارپوریٹ انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس۔ ان ٹیکسوں کے جواب میں ادارے مختلف اقدامات کر سکتے ہیں: وہ مصنوعات کی قیمتیں بڑھا کر بوجھ کا کچھ حصہ صارفین پر منتقل کر دیتے ہیں؛ اجرتیں کم کر کے بوجھ کا کچھ حصہ کارکنوں پر ڈال دیتے ہیں؛ منافع میں کمی کر کے بوجھ کا کچھ حصہ حصص یافتگان تک منتقل کر دیتے ہیں؛ یا انتظامی مراعات میں کمی کر کے بوجھ کا کچھ حصہ منیجرز پر ڈال دیتے ہیں۔ اس طرح مجموعی طور پر دیکھا جائے تو لوگ، چاہے وہ صارف ہوں، کارکن ہوں، حصص یافتگان ہوں یا منیجرز — بالآخر انہی پر ان ٹیکسوں کا اصل بوجھ آتا ہے جو کاروباری اداروں پر لگائے جاتے ہیں۔ ٹیکس کے بوجھ کی تقسیم کا تجزیہ (incidence analysis) بنیادی طور پر یہ معلوم کرنے کے لیے کیا جاتا ہے کہ کسی مخصوص ٹیکس کا کتنا بوجھ کس طبقے پر پڑتا ہے۔ اس باب میں ہم سپلائی اور ڈیمانڈ کے ڈایاگرام کی مدد سے ٹیکس کے بوجھ کی یہ تقسیم سمجھاتے ہیں اور دکھاتے ہیں کہ کسی ٹیکس کا بوجھ کس طرح فروخت کنندگان (suppliers) اور خریداروں (demanders) کے درمیان تقسیم ہوتا ہے۔ اس کی دو مثالیں پیٹرول پر ٹیکس اور پے رول ٹیکس ہیں۔ پیٹرول پر ٹیکس کی صورت میں سپلائر پٹرول پمپ کے مالکان ہیں، جبکہ ڈیمانڈر گاڑی چلانے والے لوگ ہیں۔ جب ہم دکھاتے ہیں کہ ٹیکس کا بوجھ کتنا سپلائر یعنی کاروباری اداروں پر پڑتا ہے، تو اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ ادارے آگے چل کر یہ بوجھ اپنے کارکنوں، منیجروں اور مالکان تک منتقل کر دیں گے، جو بالآخر اس کا حقیقی بوجھ برداشت کرتے ہیں۔ پے رول ٹیکس کی مثال میں، مزدور محنت کی فراہمی کرنے والے (suppliers) ہیں، جبکہ ادارے اس محنت کے خریدار (demanders) ہیں۔ جب ہم بتاتے ہیں کہ بوجھ کا کتنا حصہ کاروباری اداروں پر پڑتا ہے، تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ادارے یہ بوجھ آگے چل کر منتقل کر دیتے ہیں۔“

ٹیکس کی اقسام (Types of Taxes)

پاکستان کا نظامِ محصولات ایک ہمہ جہتی مالیاتی ڈھانچہ ہے جس کے تحت مختلف قسم کے ٹیکس ریاستی ضروریات، معاشی نظم و نسق اور عوامی فلاحی اہداف کے پیشِ نظر عائد کیے جاتے ہیں۔ یہ ٹیکس قومی بجٹ کی تکمیل، بنیادی خدمات کی فراہمی، ترقیاتی سرگرمیوں کے فروغ اور معاشی استحکام کو برقرار رکھنے کے لیے اہم بنیاد فراہم کرتے ہیں۔ تاہم ٹیکسیشن کا دائرہ چونکہ معاشرے کے تمام طبقات تک پھیلا ہوا ہے، اس لیے مختلف نوعیت کے ٹیکس اپنی ساخت، طریقۂ وصولی اور مالیاتی اثر کے اعتبار سے عوام پر مختلف انداز سے اثرانداز ہوتے ہیں۔ بعض ٹیکس ایسے ہوتے ہیں جو اپنی فطری نوعیت کے باعث عام صارفین کی روزمرہ ضروریات یا استعمال سے متعلق ہوتے ہیں، جس کے نتیجے میں ان کا بوجھ نسبتاً کم آمدنی یا متوسط طبقے پر زیادہ محسوس ہوتا ہے، جب کہ دیگر محصولات براہِ راست آمدنی، منافع یا تجارتی سرگرمیوں سے وابستہ ہوتے ہیں اور ان کا اثر معاشرے کے نسبتاً بہتر معاشی طبقات پر پڑتا ہے۔ اس تنوع کے باعث پاکستانی ٹیکس نظام کا مطالعہ نہ صرف ریاستی مالیاتی حکمت عملی کو سمجھنے کے لیے ضروری ہے، بلکہ اس سے یہ بھی واضح ہوتا ہے کہ مختلف طبقات پر ٹیکس کا بوجھ کس طرح تقسیم ہوتا ہے اور کس طرح ٹیکس پالیسی معیشت کے مجموعی توازن اور سماجی بہبود کو متاثر کرتی ہے۔ پاکستان میں جو ٹیکس اس وقت عائد ہیں ان کا ذکر کیا جاتا ہے۔

انکم ٹیکس (Income Tax)

افراد اور کاروباری اداروں کی آمدنی، تنخواہ، منافع، یا زرِ مبادلہ پر عائد کیا جاتا ہے۔

کارپوریٹ ٹیکس (Corporate Tax)

مختلف کمپنیوں اور کارپوریشنز کے سالانہ منافع پر عائد ٹیکس۔

کسٹمز ڈیوٹی (Customs Duty)

درآمدات (Imports) اور بعض صورتوں میں برآمدات (Exports) پر عائد محصولات۔

ایکسائز ڈیوٹی (Excise Duty)

کھانے پینے، تمباکو، مشروبات، گاڑیوں، سیمنٹ، اسٹیل اور بعض لوازمات پر مخصوص فیڈرل ٹیکس۔

ودہولڈنگ ٹیکس (Withholding Tax)

بینک ٹرانزیکشنز، موبائل ری چارج، ملازمت، کنٹریکٹس، رینٹل آمدنی، یوٹیلیٹی بلز، اے ٹی ایم کیش، ودہولڈنگ ایجنٹس کے ذریعے وصول کیا جانے والا ٹیکس۔

پراپرٹی ٹیکس (Property Tax)

رہائشی، کمرشل اور صنعتی جائیداد پر صوبائی حکومت کی جانب سے عائد ٹیکس۔

اسٹیمپ ڈیوٹی (Stamp Duty)

عدالتی دستاویزات، معاہدات، رجسٹریشن اور انتقالِ جائیداد کی فیسوں کے طور پر لیا جانے والا ٹیکس۔

کیپیٹل گین ٹیکس (Capital Gains Tax / CGT)

جائیداد، سٹاک مارکیٹ یا دیگر اثاثوں کی فروخت سے حاصل ہونے والے منافع پر ٹیکس۔

موٹر وہیکل ٹیکس (Motor Vehicle Tax)

گاڑی کی رجسٹریشن، ٹوکن ٹیکس اور سالانہ فیس کی صورت میں ٹیکس۔

ٹول ٹیکس (Toll Tax)

موٹرویز، ایکسپریس ویز، پلوں اور خاص شاہراہوں کے استعمال پر وصول کیا جانے والا چارج۔

فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی (FED)

ہوٹل سروسز، فضائی ٹکٹ، بینکنگ سروسز، انشورنس، فرسٹ کلاس ایئر ٹریول اور مخصوص لگژری مصنوعات پر ٹیکس۔

ٹیلی کام ٹیکسز (Telecom Taxes)

موبائل ری چارج، ڈیٹا پیکج، کال / ایس ایم ایس سروسز پر عائد ٹیکس، جس میں GST اور انکم ٹیکس شامل ہوتا ہے۔

پروفیشنل ٹیکس (Professional Tax)

ڈاکٹر، وکیل، انجینئر، اساتذہ، کارخانے، دوکانیں، اور مختلف پیشہ ور افراد / اداروں پر صوبائی حکومت کا ٹیکس۔

زرعی انکم ٹیکس (Agricultural Income Tax)

زرعی آمدنی اور رقبے کے حساب سے صوبوں کی طرف سے وصول کیا گیا ٹیکس۔

لینڈ ریونیو / آبپاشی ٹیکس (Land Revenue & Water Rates)

آبپاشی، نہری پانی کے استعمال، اور زرعی زمین کے محصولات۔

اختصار کے پیش نظر ان اقسام کا ذکر کیا ہے وگرنہ تتبع سے اور بھی اسی قبیل کے ٹیکس مل جائیں گے جو عوام سے وصول کیے جاتے ہیں۔ ٹیکسوں کی اکثر اقسام کا بنیادی مسئلہ یہ ہے کہ ان کا حقیقی بوجھ کم آمدنی والے افراد پر زیادہ پڑتا ہے۔ غریب طبقہ اپنی محدود آمدنی کا بڑا حصہ ان ٹیکسوں میں ادا کرنے پر مجبور ہوتا ہے، جبکہ امیر طبقہ اپنی آمدنی کے مقابلے میں بہت کم حصہ ٹیکس کی صورت میں دیتا ہے۔ اس عدم توازن کے باعث معاشرتی ناانصافی، طبقاتی فرق اور آمدنی کی غیر مساوی تقسیم میں اضافہ ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ایسے تمام ٹیکسز کو بعض حلقے معاشی نقطۂ نظر سے استحصالی شمار کرتے ہیں، کیونکہ یہ معاشرے کے کمزور طبقات پر دباؤ بڑھاتے اور آمدنی کے فرق کو مزید گہرا کرتے ہیں، یوں معاشرتی ناہمواری اور معاشی عدم استحکام کو جنم دیتے ہیں۔ پہلے جائز ٹیکس اور پھر استحصالی ٹیکسز کی شرعی حیثیت پر روشنی ڈالی جاتی ہے تاکہ بحث کو کسی منطقی نتیجہ تک پہنچایا جائے۔

ٹیکس کی ضرورت اور شرعی حیثیت (The Need for Taxation and Its Shariah Status)

اسلامی شریعت میں بنیادی مالی فریضہ زکوٰۃ ہے، مگر اس کے ساتھ فقہاء نے اس بات کو بھی تفصیل سے واضح کیا ہے کہ اگر کسی اسلامی ریاست کی ضروریات صرف زکوٰۃ، عشر، خراج یا مالِ فیء سے پوری نہ ہوں تو حکمران مصلحتِ عامہ کے اصول کے تحت اضافی محصولات (Taxes) عائد کر سکتا ہے، بشرطیکہ وہ عدل، اعتدال اور حقیقی ضرورت کی بنیاد پر ہوں۔ اس اصول کے دلائل قرآن، سنت، آثارِ صحابہ اور فقہاء کے اجماعی فتاویٰ میں واضح طور پر موجود ہیں جن کی تفصیل کا یہ موقعہ نہیں ہے۔ ارشاد ربانی ہے:

﴿وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ﴾ [3]

"اور رشتہ دار کو اور مسکین کو دو اور مسافر کو اس کا حق دے دو۔"

علامہ ابن حزم اندلسیؒ (م-456ھ) نے اس آیت سے استدلال کرتے ہوئے ریاستی ذمہ داری، زکوٰۃ کی ناکافی ہونے کی صورت میں امیروں پر اضافی مالی ذمہ داری اور بنیادی ضرورتوں کی فراہمی پر گفتگو کی ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

قال أبو محمد:وفرض على الأغنياء من أهل كل بلد أن يقوموا بفقرائهم، ويجبرهم السلطان على ذلك، إن لم تقم الزكوات بهم، ولا في سائر أموال المسلمين، فيقام لهم بما يأكلون من القوت الذي لا بد منه، ومن اللباس للشتاء والصيف بمثل ذلك، وبمسكن يكنهم من المطر، والصيف الشمس، وعيون المارة[4]

"ابو محمد (ابن حزم) فرماتے ہیں کہ ہر شہر کے مال دار لوگوں پر لازم ہے کہ وہ اپنے شہر کے غریبوں کی کفالت کریں، اور اگر وہ خود یہ ذمہ داری پوری نہ کریں تو حاکمِ وقت انہیں اس پر مجبور کرے۔ یہ اس صورت میں ہے جب زکوٰۃ اور مسلمانوں کے دیگر

([3]) القرآن، الاسراء:26

([4]) ابن حزم، ابو محمد علی بن احمد، المحلی بالآثار، بیروت، دارالفکر، س ن، جلد 4، صفحہ 281

اموال سے غریبوں کی ضروریات پوری نہ ہو پائیں۔ پھر (ایسی صورت میں) ان غریبوں کے لیے اتنا انتظام کیا جائے کہ وہ اپنی ضروریاتِ خوراک میں سے وہ چیزیں پا سکیں جو زندگی کے لیے ناگزیر ہوں، اور گرمی و سردی کے لحاظ سے مناسب لباس انہیں مہیا کیا جائے، اور ایسا گھر فراہم کیا جائے جو انہیں بارش، دھوپ، گرمی اور راہ گیروں کی نگاہوں سے محفوظ رکھ سکے۔"

علامہ ابن حزمؒ کا یہ موقف اسلامی مالیات اور ریاستی ذمہ داری کے باب میں بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ وہ اس مسئلے میں دو بنیادی اصول واضح فرماتے ہیں: پہلا معاشرے کے غریب افراد کی ضروریات پوری کرنا محض اخلاقی ترغیب نہیں بلکہ ایک شرعی ذمہ داری ہے، کیونکہ فقیر کا حق مال دار کے مال میں شرعاً ثابت ہے۔ دوسرا اصول یہ کہ اگر زکوٰۃ اور بیت المال کے دیگر ذرائع اس فریضے کے لیے ناکافی ہوں تو ریاست مال دار طبقات سے اضافی مال وصول کرے اور ضرورت کی حالت میں ریاست کو یہ حق حاصل ہوتا ہے کہ وہ اس ذمہ داری کے نفاذ کو باقاعدہ طور پر یقینی بنائے۔

ابن حزمؒ کے نزدیک فقیر کی حقیقی ضرورت میں زندگی کے قیام کے لیے ضروری خوراک، موسم کے مطابق مناسب لباس، اور ایسی محفوظ رہائش شامل ہے جو انسان کو بارش، دھوپ، گرمی اور راہ گیروں کی تکلیف دہ نگاہوں سے بچا سکے۔ یہ تمام امور اسلامی مقاصدِ شریعت کے تحت "**حفظُ النفس**" اور "**حفظُ الكرامة الانسانية**" (انسانی عظمت و وقار کی حفاظت) کے دائرے میں آتے ہیں، اس لیے ان کی فراہمی انفرادی خیرات پر نہیں چھوڑی جا سکتی۔ اس لیے فقراء کی کفالت کا نظام لازماً ریاستی سطح پر نافذ ہونا چاہیے، اور جب زکوٰۃ کے ذریعے یہ مقصد پورا نہ ہو تو ریاست اضافی محصولات کے ذریعے اس فریضے کو واجب الاداحیثیت میں نافذ کرے، تاکہ معاشرتی توازن اور انسانی dignified زندگی برقرار رہ سکے۔

امام زرکشیؒ (م794ھ) نے ایک فقہی اصول نقل کیا ہے جس کی بعد میں آنے والے فقہاء علامہ جلال الدین سیوطیؒ (م-911ھ) اور امام ابن نجیمؒ (م-970ھ) نے بھی تائید کی ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

تصرف الإمام على الرعية منوط بالمصلحة[5]

"حاکم کے تمام تصرفات رعایا کی مصلحت کے تابع ہوتے ہیں۔"

اسلامی فقہ میں حکومتی اختیارات کے باب میں یہ بنیادی اصول مسلم ہے کہ حکمران کے تمام تصرفات اور سرکاری فیصلے مصلحتِ عامہ کے تابع ہوتے ہیں۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ امام کو جو ولایت و اختیار دیا گیا ہے، وہ شخصی غلبے یا اختیاری تصرف کے لیے نہیں بلکہ رعایا کے مفاد، اجتماعی نظم کے استحکام، اور شرعی مقاصد کی تکمیل کے لیے مخصوص ہے۔ اس لیے اگر زکوٰۃ اور بیت المال کی دیگر آمدنی معاشرتی ذمہ داریوں، خصوصاً فقراء اور مستحقین کی ضروریات پوری کرنے کے لیے کافی نہ ہو، تو ریاست کے لیے ضروری ہو جاتا ہے کہ وہ معاشرے کے صاحبِ استطاعت طبقات سے عادلانہ بنیادوں پر اضافی مالی ذمہ داری عائد کرے۔ الغرض ٹیکس کی وصولی، بیت المال کی تقسیم، انتظامی اختیارات کا استعمال، عدالتی احکام، اور عوامی معاملات میں ریاست کا ہر قدم اسی معیار سے مشروط رہتا ہے کہ اس میں عدل، حکمت اور مصلحتِ عامہ کا پہلو غالب ہو۔ یہی قاعدہ اسلامی نظامِ حکومت میں فرد اور ریاست کے تعلقات کو منضبط کرنے والا بنیادی اصول قرار پاتا ہے۔

---

(5) الزرکشی، ابو عبد اللہ، بدر الدین محمد بن عبد اللہ، المنثور فی القواعد الفقهیہ، وزارۃ الاوقاف الکویتیہ، 1405ھ، جلد 1، صفحہ 309

السیوطی، عبد الرحمن بن ابی بکر، الاشباہ والنظائر، بیروت، دار الکتب العلمیہ، 1411ھ، صفحہ 121

ابن نجیم، زین الدین بن ابراہیم، الاشباہ والنظائر، بیروت، دار الکتب العلمیہ، 1419ھ، صفحہ 104

مشہور حنفی فقیہ علامہ شامیؒ(م-1252ھ) نے اس پر مفصل بحث کی ہے۔ فقہائے احناف کے نزدیک جب ریاست رعایا پر کوئی مالی ذمہ داری اجتماعی مصلحت کے لیے عائد کرے تو وہ ان کے حق میں ایک واجب دَین(شرعی طور پر ثابت مالی فریضہ) اور مستحق حق کی حیثیت اختیار کر لیتی ہے۔ ان کے مطابق اگر امام راستوں کی حفاظت، چوروں سے بچاؤ، بازاروں اور گلیوں کی نگرانی، رکاوٹوں اور دروازوں کی تنصیب، یا بند باندھنے اور آب رسانی جیسے عوامی مصالح کے لیے کوئی مالی ادائیگی مقرر کرے تو اس کا حکم خراج کے مانند ہے اور اسے ظلم نہیں کہا جا سکتا۔ اسی اصول کی بنا پر خوارزم میں عوام سے دریا کے پشتے یا شہر کے گرد حفاظتی دیواروں کی مرمت کے لیے وصول کیا جانے والا مال فقہاء کے نزدیک واجب تھا اور اس سے انکار جائز نہ تھا۔ البتہ فقہاء نے اس امر کی تنبیہ بھی کی ہے کہ ایسے محصولات اسی وقت واجب ہوں گے جب بیت المال میں اس مقصد کے لیے کافی وسائل موجود نہ ہوں؛(**إذا لم يوجد في بيت المال ما يكفي لذلك**)اگر بیت المال کے ذخائر کافی ہوں تو رعایا پر اضافی بوجھ ڈالنا درست نہیں سمجھا گیا۔ اس طرح احناف کے ہاں جائز ٹیکس کی بنیاد اجتماعی مصلحت، ضرورت اور بیت المال کی حقیقی حالت پر قائم ہے، اور یہ اصول اس لیے بھی اہم ہے کہ حکمران اس اختیار کو ضرورت سے زیادہ استعمال نہ کریں۔[6]

مذکورہ بالا بحث سے معلوم ہوا کہ جائز ٹیکس کے لیے چار شرائط کا ہونا ضروری ہے۔

❶ حقیقی ضرورت(Real Necessity)

❷ عدل واعتدال(Fairness & Equity)

❸ شفاف مصرف(Public Welfare Only)

❹ ظلم، استحصال یا دوہرا بوجھ نہ ہو(No Oppression)

استحصالی ٹیکسز کی شرعی حیثیت(The Shariah Status of Exploitative Taxes)

اسلامی تعلیمات میں عدل، مساوات اور حقوق العباد کا تحفظ بنیادی اصول کے طور پر قائم کیا گیا ہے، اور ہر وہ مالی بوجھ جو بلا جواز، زبردستی اور ظلم کے طور پر لوگوں پر ڈالا جائے، قرآن و سنت کے مزاج کے سراسر خلاف ہے۔ استحصالی ٹیکس، جو عوام کی کمائی کو ناحق چھینتے ہیں اور طاقت و اختیار کی بنیاد پر معاشی استحصال پیدا کرتے ہیں، اسلامی اخلاقیات میں سخت ناپسندیدہ قرار دیے گئے ہیں۔ شریعت نے واضح کیا ہے کہ لوگوں کے مال میں کمی کرنا، انہیں ان کے حقوق سے محروم کرنا اور ان پر بلاوجہ بوجھ ڈالنا ظلم ہے، اور ظلم کسی صورت قابلِ قبول نہیں۔ اسی لیے اسلام نے ایسے ہر مالی نظام کی مذمت کی ہے جو کمزور طبقات سے زیادہ وصول کرے، طاقت ور کو رعایت دے، اور دولت کی غیر منصفانہ گردش کو فروغ دے۔ سنتِ نبوی میں بھی ناجائز محصولات اور غیر شرعی وصولیوں کو سخت گناہ قرار دیا گیا ہے، کیونکہ یہ اعمال نہ صرف معاشی عدمِ توازن پیدا کرتے ہیں بلکہ معاشرے میں ناانصافی، محرومی اور طبقاتی خلیج کو گہرا کرنے کا سبب بنتے ہیں۔ چنانچہ اسلامی نقطۂ نظر سے استحصالی ٹیکس محض معاشی جرم نہیں بلکہ اخلاقی و دینی اعتبار سے قابلِ مذمت فعل ہے۔

([6]) شامی، ابن عابدین، محمد امین، ردالمحتار علی الدر المختار، بیروت، دار الفکر، 1412ھ، جلد2، صفحہ 337

قرآن کریم میں ہے:

﴿وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ۔ وَلَا تَقْعُدُوْا بِكُلِّ صِرَاطٍ تُوْعِدُوْنَ وَتَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِهٖ وَتَبْغُوْنَهَا عِوَجًا﴾ [7]

”اور جو چیزیں لوگوں کی ملکیت میں ہیں ان میں ان کی حق تلفی نہ کرو۔ اور زمین میں اس کی اصلاح کے بعد فساد برپا نہ کرو۔ لوگو! یہی طریقہ تمہارے لیے بھلائی کا ہے، اگر تم میری بات مان لو۔ اور ایسا نہ کیا کرو کہ راستوں پر بیٹھ کر لوگوں کو دھمکیاں دو، اور جو لوگ اللہ پر ایمان لائے ہیں، ان کو اللہ کے راستے سے روکو، اور اس میں ٹیڑھ پیدا کرنے کی کوشش کرو۔“

ساتویں صدی ہجری کے مشہور مفسر امام قرطبیؒ (671ھ) اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

كانوا عشارين متقبلين. ومثلهم اليوم هؤلاء المكاسون الذين يأخذون ما لا يلزمهم شرعا من الوظائف المالية بالقهر والجبر، فضمنوا ما لا يجوز ضمان أصله من الزكاة والمواريث والملاهي. والمترتبون في الطرق إلى غير ذلك مما قد كثر في الوجود وعمل به في سائر البلاد. وهو من أعظم الذنوب وأكبرها وأفحشها، فإنه غصب وظلم وعسف على الناس وإذاعة للمنكر وعمل به ودوام عليه وإقرار له، وأعظمه تضمين الشرع والحكم للقضاء[8]

”یہ لوگ محصول لینے والے تھے جو راستوں پر بیٹھ کر آنے جانے والوں سے جبراً وصولیاں کرتے تھے۔ اور آج کے دور میں ان جیسے وہ افراد ہیں جو غیر شرعی طور پر لوگوں سے جبری مالی ٹیکس اور ناجائز محصولات لیتے ہیں ایسے محاصل جن کی شریعت میں کوئی اصل یا جواز نہیں۔ انہوں نے زکوٰۃ، وراثت اور بعض تفریحی چیزوں تک کے مالی معاملات میں ایسی ضمانتیں اور تقاضے داخل کر دیے ہیں جن کی اصل کو شرعاً ضمانت میں لینا ہی جائز نہیں۔ اسی طرح راستوں پر بیٹھ کر ناجائز وصولیاں کرنا، اور دیگر بہت سی صورتیں جو اب کثرت سے دنیا بھر کے مختلف ممالک میں رائج ہیں، یہ سب کبیرہ گناہوں میں سے ہیں، بلکہ انتہائی شدید اور فحش ترین گناہوں میں شمار ہوتی ہیں۔ یہ عمل دراصل لوگوں کے اموال پر غصب ہے، ظلم ہے، ان پر سختی اور زیادتی ہے، منکرات کو پھیلانے اور انہی کے مطابق نظام چلانے کا ذریعہ ہے، اور پھر اس پر مسلسل عمل اور اس کی حکومتی و عدالتی سطح پر منظوری دینا تو مزید بڑا جرم ہے۔“

اسی طرح حدیثِ مبارکہ میں حضرت غامدیہ رضی اللہ عنہا کا واقعہ آتا ہے کہ ان سے زنا کا فعل سرزد ہو گیا تھا۔ انہوں نے خود حاضر ہو کر جرم کا اقرار کیا۔ جب ان پر حد نافذ ہوئی اور رجم کے دوران خون کے چھینٹے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے چہرے پر پڑے تو انہوں نے ناپسندیدگی کا اظہار کیا۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا...

«مَهْلًا يَا خَالِدُ، فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَقَدْ تَابَتْ تَوْبَةً لَوْ تَابَهَا صَاحِبُ مَكْسٍ لَغُفِرَ لَهُ» [9]

([7]) القرآن، الاعراف: 56، 58

([8]) القرطبی، ابو عبد اللہ محمد بن احمد، الجامع لاحکام القرآن، القاھرہ، دار الکتب المصریہ، 1384ھ، جلد 7، صفحہ 249

([9]) مسلم بن الحجاج، الصحیح، بیروت، دار احیاء التراث العربی، س ن، جلد 3، صفحہ 1323، رقم الحدیث: 1695

"اے خالد! ٹھہرو قسم ہے اُس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، اس عورت نے ایسی سچی توبہ کی ہے کہ اگر کوئی مکس لینے والا (ناجائز ٹیکس وصول کرنے والا) ایسی توبہ کرلے تو اس کی بھی بخشش ہو جائے۔"

امام نوویؒ (م-678ھ) اس حدیث کی تشریح میں لکھتے ہیں:

فيه أن المكس من أقبح المعاصي والذنوب الموبقات وذلك لكثرة مطالبات الناس له وظلاماتهم عنده وتكرر ذلك منه وانتهاكه للناس وأخذ أموالهم بغير حقها وصرفها في غير وجهها[10]

"اس حدیث میں اس بات کی صریح دلیل ہے کہ مکس لینا (ناجائز ٹیکس وصول کرنا) انتہائی قبیح اور ہلاکت خیز گناہوں میں سے ہے، کیونکہ اس میں لوگوں سے بار بار ناجائز مطالبات کیے جاتے ہیں، ان پر ظلم کیا جاتا ہے، مسلسل ان کے حقوق پامال کیے جاتے ہیں، ان کے اموال ناحق لیے جاتے ہیں اور پھر انہیں غلط مقاصد میں خرچ کیا جاتا ہے۔ یہ سب امور اس گناہ کی سنگینی اور اس کے تباہ کن اثرات کو واضح کرتے ہیں۔"

ملا علی القاریؒ (م-1014ھ) لکھتے ہیں:

قلت: وهو من أقبح أنواع الظلم فإنه يأخذ المال الذي شقيق الروح في وقت ضيق قهرا من غير وجه شرعي ولا طريق عرفي بل يتعدى على المسلمين زيادة على مصطلح الكافرين، والعجب كل العجب من علماء زماننا ومشايخ أواننا إنهم يقبلون منهم هذا المال ويصرفونه في تحصيل المنال، ولا يتأملون في المال نسأل الله تعالى العافية والرزق الحلال، وسن الأعمال[11]

"میں نے کہا: یہ ظلم کی بدترین صورتوں میں سے ہے؛ کیونکہ یہ شخص لوگوں کا مال جو انسان کی جان کا ہم رشتہ اور زندگی کی حقیقی ضرورت ہے تنگی کے وقت زبردستی اور بغیر کسی شرعی یا معروف قانونی جواز کے چھین لیتا ہے۔ بلکہ یہ مسلمانوں پر وہ بوجھ بھی ڈال دیتا ہے جو کافروں کے ساتھ طے شدہ معاہدات سے بھی بڑھ کر ہے۔ حیرت کی بات تو یہ ہے کہ ہمارے زمانے کے بعض علما اور مشائخ ایسے لوگوں سے یہ ناجائز مال قبول بھی کر لیتے ہیں اور اسے ذاتی مفاد اور حصولِ دنیا میں خرچ بھی کرتے ہیں، بغیر اس کے کہ ذرا غور کریں کہ یہ مال کس نوعیت کا ہے اور اس کا انجام کیا ہو گا۔ ہم اللہ تعالیٰ سے عافیت، پاکیزہ روزی اور نیک اعمال کی توفیق کی دعا کرتے ہیں۔"

مذکورہ بالا بحث سے معلوم ہوا کہ اسلام میں ظالمانہ محصولات، استحصالی ٹیکس اور ناجائز مالی بوجھ نہ صرف ممنوع ہیں بلکہ انہیں کبیرہ ترین گناہوں میں شمار کیا گیا ہے۔ "صاحبِ مکس" کے بارے میں رسول اللہ ﷺ کی سخت وعید اس بات کی دلیل ہے کہ اسلامی مالیاتی نظام کا بنیادی اصول عدل، شفافیت اور عوام کی معاشی آزادی کا تحفظ ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

«لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ صَاحِبُ مَكْسٍ»[12]

([10]) النووی، ابوزکریا یحیی بن شرف، المنہاج شرح صحیح مسلم بن الحجاج، بیروت، داراحیاء التراث العربی، 1392ھ، جلد 11، صفحہ 203

([11]) الملا علی القاری، علی بن محمد، مرقاۃ المفاتیح شرح مشکوۃ المصابیح، بیروت، دارالفکر، 1422ھ، جلد 6، صفحہ 2337

([12]) ابوداوٗد السجستانی، سلیمان بن الاشعث، السنن، بیروت، المکتبۃ العصریہ، س ن، جلد 3، صفحہ 132، رقم الحدیث: 2937

"ناجائز ٹیکس لینے والا (مکس لینے والا) جنت میں داخل نہیں ہو گا۔"

فقہائے کرام نے بھی صراحت کے ساتھ واضح کیا ہے کہ ایسے تمام محصولات، ٹیکس اور مالی بوجھ جن کی شریعت میں کوئی اصل موجود نہ ہو اور جو عوام پر زبردستی اور ظلم کے ساتھ عائد کیے جائیں، مکوسِ محرّمہ کے حکم میں داخل ہیں۔

استحصالی ٹیکسز کے بارے میں اہل علم کی آراء(Scholarly Perspectives on Exploitative Taxes)

مسلمانوں کی معاشی سرگرمیوں جیسے تجارت، کاروبار، محنت اور معیشت کے دیگر ذرائع پر جو غیر شرعی محصولات، مکوس (غیر شرعی ٹیکس) اور اضافی ٹیکس عائد کیے جاتے ہیں، وہ شریعت کی رو سے ظلم اور کھلی زیادتی ہیں۔ فقہاء کا اتفاق ہے کہ ایسے مالی بوجھ جن کا تعلق شرعی نصوص یا بیت المال کی حقیقی ضرورت سے نہ ہو، وہ جائز نہیں ہوتے۔ بیت المال میں مال داخل ہونے کے صرف وہی ذرائع معتبر ہیں جنہیں قرآن و حدیث اور فقہی اجماع نے مشروع قرار دیا ہو۔ اس کے برعکس، حکومتی اختراعات، خود ساختہ محصولات یا جبر و استحصال پر مبنی ٹیکس نہ صرف معاشی ناانصافی کا ذریعہ بنتے ہیں بلکہ لوگوں کی کمائی، محنت اور تجارت کو نقصان پہنچاتے ہیں، جس سے معاشرے کی معاشی حرکت کمزور پڑتی ہے، اور غربت و عدم مساوات بڑھتی ہے۔

اسی لیے فقہاء کے نزدیک ایسے ٹیکس جو لوگوں کی تجارتوں اور روزگار پر ناحق عائد ہوں، وہ نہ بیت المال کا حصہ سمجھے جاتے ہیں اور نہ ہی شرعی طور پر جائز ہیں۔ ان کا لینا حکومتی استبداد اور مالی ظلم کی صورت ہے جسے شریعت نے سختی سے منع کیا ہے۔ اس اصول پر معاصر استحصالی ٹیکس، غیر متناسب محصولات، اور غریب و متوسط طبقے پر غیر ضروری مالی بوجھ بھی اسی ممانعت کے زمرے میں آتے ہیں۔

علامہ ابن حزم اندلسیؒ (م-456ھ) استحصالی ٹیکسز کے بارے میں لکھتے ہیں:

واتفقوا أن المراصد الموضوعة للمغارم على الطرق وعند أبواب المدن وما يؤخذ في الاسواق من المكوس على السلع المجلوبة من المارة والتجار ظلم عظيم وحرام وفسق حاشا ما أخذ على حكم الزكاة وباسمها من المسلمين من حول إلى حول مما يتجرون به[13]

"علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ سڑکوں پر چلنے والوں پر عائد کیے گئے غیر شرعی محاصل، شہروں کے دروازوں پر قائم کردہ ٹیکس چوکیوں پر وصول کی جانے والی رقوم، اور بازاروں میں درآمدہ اشیاء اور تاجروں کے مالِ تجارت پر عائد کردہ مکوس (غیر شرعی ٹیکس) یہ سب سخت ظلم، سراسر حرام اور گناہِ کبیرہ ہیں۔ اس حکم سے وہ صورت مستثنیٰ ہے جس میں مسلمان تاجروں کے مال پر سال گزرنے کے بعد شرعی اصول کے مطابق زکوٰۃ وصول کی جائے۔"

علامہ ابن تیمیہؒ (م-728ھ) لکھتے ہیں:

ويدخل فيه ما أخذ الملوك والقطاع من أموال الناس بغير حق من المكوس وغيرها[14]

"اور اس ظلم (غصب) میں وہ سب اموال بھی شامل ہیں جو حکمران اور ڈاکو لوگ عوام سے ناحق لیتے ہیں، چاہے وہ مکوس (غیر شرعی ٹیکس) ہوں یا اس جیسی دوسری ناجائز وصولیاں۔"

([13]) ابن حزم اندلسی، ابو محمد علی بن احمد، مراتب الاجماع فی العبادات والمعاملات والاعتقادات، بیروت، دارالکتب العلمیہ، س ن، صفحہ 121

([14]) ابن تیمیہ الحرانی، احمد بن عبدالحلیم، الفتاوی الکبری، بیروت، دارالکتب العلمیہ، 1408ھ، جلد 5، صفحہ 417

امام بدرالدین ابن جماعہؒ(م-733ھ) لکھتے ہیں:

وكذلك ما يؤخذ من أموال المسلمين في تجاراتهم ومعايشهم من المكوس والضرائب، فإن ذلك كله ظلم بين، وحيف متعين، وليس من بيت المال في شيء[15]

"اور اسی طرح وہ مال بھی جو مسلمانوں سے اُن کی تجارتوں اور روزگار کے معاملات میں مکوس اور ٹیکسوں کی صورت میں لیا جاتا ہے، یہ سب کھلا اور واضح ظلم ہے، اور صریح زیادتی ہے۔ اور اس کا بیت المال سے کوئی تعلق نہیں ہوتا۔"

اس لیے استحصالی ٹیکسوں کا خاتمہ ضروری ہے اس میں بہت خرابیاں اور مفاسد ہیں۔

استحصالی ٹیکسز کی خرابیاں (The Drawbacks of Exploitative Taxes)

استحصالی ٹیکس کسی بھی ملک کی معاشی بنیادوں کو کھوکھلا کر دیتے ہیں۔ جب ریاست عوام کی آمدنی، بنیادی ضروریات اور معاشی سرگرمیوں پر غیر منصفانہ اور حد سے بڑھ کر محصولات عائد کرتی ہے تو اس کے نتیجے میں معاشرتی ناہمواری، معاشی جمود، زراعت و تجارت کی تباہی، اور عوام میں بے اعتمادی جنم لیتی ہے۔ ایسے ٹیکس نہ صرف محنت کش طبقے کو کچل دیتے ہیں بلکہ سرمایہ کاری، پیداوار اور معاشی استحکام کو بھی شدید نقصان پہنچاتے ہیں۔ تاریخ گواہ ہے کہ جب ظلم پر مبنی ٹیکس عام ہو جائیں تو ملک کمزور، اور ریاستیں کمزور تر ہوتی چلی جاتی ہیں۔

اسی پس منظر میں شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ(م-1176ھ) کی بصیرت افروز رائے پیش کی جاتی ہے جس میں انہوں نے ملک کی ویرانی اور تباہی کے دو اسباب بیان کیے ہیں ایک سرکاری خزانہ کا غلط استعمال اور دوسرا بھاری ضرائب (بڑے ٹیکس) ان کے معاشرتی و سیاسی تباہ کن اثرات کو نہایت حکیمانہ انداز میں بیان کیا ہے۔ دوسرے سبب کو بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

والثاني ضرب الضرائب الثقيلة على الزراع والتجار والمتحرفة والتشديد عليهم حتى يفضي إلى إجحاف المطاوعين واستئصالهم، وإلى تمنع أولي بأس شديد وبغيهم وإنما تصلح المدينة بالجباية اليسيرة وإقامة الحفظة بقدر الضرورة، فليتنبه أهل الزمان لهذه النكتة والله أعلم[16]

"اور دوسرا (ملکی تباہی کا) سبب یہ ہے کہ حکومت کسانوں، تاجروں اور ہنر مندوں پر بھاری ٹیکس عائد کرے اور ان پر سختی بڑھاتی جائے، یہاں تک کہ شریف اور فرمانبردار لوگ بھی اس بوجھ تلے پس کر رہ جائیں اور ان کا معاشی وجود ہی ختم ہونے لگے۔ پھر نتیجتاً طاقتور اور سخت مزاج لوگ ٹیکسوں سے بچنے کے لیے سرکشی اور بغاوت پر اتر آئیں۔ حالانکہ کوئی شہر اسی وقت درست طور پر چل سکتا ہے جب ٹیکس ہلکے ہوں اور صرف ضرورت کے مطابق محافظ اور انتظامی اہلکار مقرر کیے جائیں۔ مگر افسوس کہ اس زمانے کے لوگ اس باریک نکتے کو سمجھنے کی طرف بہت کم متوجہ ہوتے ہیں، اور اللہ ہی بہتر جاننے والا ہے۔"

موجودہ ٹیکس نظام کی بنیادی خرابی یہ ہے کہ یہ عدل و توازن کے اصولوں پر قائم نہیں، بلکہ بالواسطہ ٹیکسوں کی غیر منصفانہ تقسیم پر استوار ہے، جس کا بوجھ زیادہ تر غریب اور متوسط طبقات پر پڑتا ہے جبکہ صاحبِ ثروت اور بااثر طبقے ٹیکس نیٹ سے بڑی حد تک محفوظ رہتے ہیں۔ اس عدم توازن سے معاشی ناہمواری میں اضافہ ہوتا ہے اور معاشرے کے مختلف طبقات کے درمیان وسائل کی تقسیم مزید غیر منصفانہ ہو جاتی ہے۔ جب کھانے پینے کی

---

(15) ابن جماعۃ، محمد بن ابراہیم، تحریر الاحکام فی تدبیر اہل الاسلام، قطر، دارالثقافۃ، 1408ھ، صفحہ 150

(16) الدھلوی، شاہ ولی اللہ، احمد بن عبدالرحیم، حجۃ اللہ البالغۃ، بیروت، دارالجیل، 1426ھ، جلد 1، صفحہ 93

اشیا، ادویات، بجلی، گیس اور روزمرہ ضروریات پر یکساں شرح سے ٹیکس وصول کیا جاتا ہے تو غریب اور امیر دونوں کو ایک جیسا بوجھ اٹھانا پڑتا ہے، جس کے نتیجے میں مہنگائی میں مسلسل اضافہ، قوتِ خرید میں کمی اور زندگی کے معیار میں واضح تنزلی واقع ہوتی ہے۔

مزید یہ کہ ٹیکس کے اس غیر متوازن ڈھانچے نے غربت میں اضافے کی رفتار کو تیز کر دیا ہے، کیونکہ کم آمدنی والے افراد اپنی بنیادی ضروریات پوری کرنے میں بھی دشواری محسوس کرتے ہیں، جبکہ ٹیکس بچانے والی بالائی طبقاتی سرگرمیاں دولت کے مرتکز ہونے کا باعث بنتی ہیں۔ یہی عدمِ مساوات معاشرتی بے چینی، طبقاتی تفریق اور ریاستی اداروں پر اعتماد میں کمی کو جنم دیتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ کرپشن، غیر دستاویزی معیشت، ٹیکس چوری اور اسمگلنگ جیسے عوامل اس بگڑے ہوئے نظام کو مزید کمزور کرتے ہیں، جس سے ریاست کی وہ ذمہ داریاں شدید متاثر ہوتی ہیں جو تعلیم، صحت، معاشی استحکام اور سماجی فلاح کے لیے ضروری ہیں۔

یہ تمام پہلو اس حقیقت کو نمایاں کرتے ہیں کہ موجودہ ٹیکسیشن ماڈل نہ صرف معاشی طور پر کمزور طبقات کے لیے نقصان دہ ہے بلکہ مجموعی طور پر معاشی ترقی اور معاشرتی ہم آہنگی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹوں میں سے ایک ہے۔ چنانچہ ایک منصفانہ، شفاف اور انسانی بنیادوں پر قائم نظامِ ٹیکسیشن کی ضرورت پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ چکی ہے۔

استحصالی ٹیکسز کا خاتمہ (The Abolition of Exploitative Taxes)

استحصالی ٹیکسوں کا خاتمہ اس لیے ناگزیر ہے کہ یہ معاشی، سماجی اور اخلاقی اعتبار سے بے شمار خرابیوں اور مفاسد کا باعث بنتے ہیں۔ ایسے ٹیکس عوام پر بلاجواز بوجھ ڈالتے ہیں، کم آمدنی والے طبقات کی زندگی مزید مشکل بناتے ہیں اور معاشی ناہمواری کو بڑھاتے ہیں۔ ان کے نتیجے میں مہنگائی میں اضافہ، قوتِ خرید میں کمی اور دولت کے چند ہاتھوں میں مرتکز ہونے کا عمل تیز ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ ٹیکس کرپشن، بدعنوانی، بیوروکریٹک رکاوٹوں اور غیر شفاف مالی طریقوں کو فروغ دیتے ہیں، جس سے ریاستی نظام پر عوامی اعتماد کمزور پڑتا ہے۔ چنانچہ ایک منصفانہ اور پائیدار معاشی ڈھانچے کے لیے ضروری ہے کہ ایسے ظالمانہ اور غیر متوازن ٹیکسوں کے بجائے ایک زکوۃ پر مبنی عادلانہ، شفاف اور انسان دوست مالیاتی نظام قائم کیا جائے جو معاشرے کے تمام طبقات کی فلاح اور معاشی استحکام کو یقینی بنائے۔

زکوٰۃ پر مبنی عادلانہ نظام: استحصال سے پاک معاشی نظم کی بنیاد (A Zakat-Based Just System: The Foundation of an Exploitation-Free Economic Order)

زکوٰۃ اسلام کے معاشی نظریے کا بنیادی ستون ہے، جس کا مقصد دولت کی تطہیر، سماجی توازن اور طبقاتی عدل کا قیام ہے۔ جب کسی ریاست کا مالی و معاشی ڈھانچہ زکوٰۃ جیسے اصول پر استوار ہوتا ہے تو اس میں ظلم، جبر اور استحصال کے امکانات کم سے کم رہ جاتے ہیں۔ اس کے برعکس وہ ٹیکس نظام جو غریب طبقات پر غیر متناسب بوجھ ڈالے، بالواسطہ محصولات کو بڑھائے اور اشرافیہ کو مراعات فراہم کرے، وہ معاشرے میں ناہمواری، نفرت اور معاشی عدم استحکام پیدا کرتا ہے۔ یہی وہ صورتحال ہے جسے دورِ حاضر میں استحصالی ٹیکسوں کا نام دیا جاتا ہے۔

اسلامی اصول بتاتے ہیں کہ ریاستی مالیات کا سب سے پہلا منبع زکوٰۃ، صدقات، عشر، خراج اور فیء جیسے شرعی ذرائع ہیں جن کے ذریعے معاشرے کے کمزور افراد کو معاشی تحفظ فراہم کیا جاتا ہے۔ یہ نظام نہ صرف ایک مضبوط فلاحی ڈھانچہ تشکیل دیتا ہے بلکہ عوام پر بلاجواز بوجھ ڈالنے کی ضرورت بھی کم کر دیتا ہے۔ اس بنا پر زکوٰۃ پر مبنی نظام ٹیکسوں کے اس استحصالی ڈھانچے کے مقابلے میں ایک موثر، عادلانہ اور غیر جارحانہ متبادل فراہم کرتا ہے۔

زکوٰۃ کا فلسفہ اس تصور پر قائم ہے کہ دولت اللہ تعالیٰ کی امانت ہے اور اس کی تقسیم میں عدل و مساوات بنیادی شرط ہے۔ یہی وجہ ہے کہ فقہائے اسلام نے بغیر شرعی دلیل کے کسی بھی اضافی مالی بوجھ کو ظلم، ناجائز اور عوام کے حقوق کے خلاف قرار دیا ہے۔ ان کے نزدیک وہ حکومتی محصولات جن کی بنیاد شرعی نص یا بیت المال کی معقول ضرورت نہ ہو، وہ استحصال کے زمرے میں آتے ہیں، اور ایسے ٹیکس معیشت کو کمزور کر کے معاشرتی عدم توازن پیدا کرتے ہیں۔

اس پس منظر میں زکوٰۃ پر مبنی عادلانہ نظام وہ بنیاد فراہم کرتا ہے جو ٹیکس کے بوجھ کو کم، دولت کی گردش کو سچا اور معاشی مواقع کو منصفانہ بناتا ہے۔ جب ریاست اپنی مالی پالیسیاں زکوٰۃ کی تعلیمات کے مطابق ترتیب دیتی ہے تو نہ صرف غربت اور معاشی جبر ختم ہوتا ہے بلکہ معاشرہ حقیقی خوشحالی اور اجتماعی فلاح کی طرف قدم بڑھاتا ہے۔

زکوٰۃ ٹیکس کا متبادل(Zakat as an Alternative to Taxation)

زکوٰۃ اسلامی مالیات میں محض ایک شخصی عبادت نہیں بلکہ ریاستی معاشی ڈھانچے کی بنیاد تصور کی جاتی ہے۔ شریعت نے اسے ایک منظم، مسلسل اور لازمی مالی فریضہ قرار دیا ہے جو براہِ راست معاشرے کی فلاحی ضروریات پوری کرتا ہے۔ جب معاشرے کے محروم، نادار، بے روزگار اور مالی دباؤ کے شکار طبقات زکوٰۃ کے ذریعے تحفظ پاتے ہیں تو ریاست کو بھاری بھرکم، پیچیدہ اور عوام پر بوجھ ڈالنے والے ٹیکسوں کی جانب جانے کی ضرورت نہیں رہتی۔ یہی وجہ ہے کہ فقہائے اسلام نے ایسے تمام اضافی ٹیکسوں کو ناپسند کیا ہے جو نہ تو شرعی بنیاد رکھتے ہوں اور نہ بیت المال کی حقیقی ضرورت پر قائم ہوں؛ کیونکہ شریعت نے پہلے ہی زکوٰۃ کی صورت میں ایک جامع فلاحی مالی نظام فراہم کر دیا ہے۔

زکوٰۃ دولت کی از سرِ نو منصفانہ تقسیم کا براہِ راست ذریعہ بنتی ہے، جب کہ ٹیکس عموماً بالواسطہ ذرائع سے لیے جاتے ہیں جن کا دباؤ زیادہ تر کم آمدنی والے طبقات برداشت کرتے ہیں۔ اس طرح زکوٰۃ نہ صرف ٹیکس کے بوجھ کا ایک متبادل ہے بلکہ یہ ایک زیادہ شفاف، اخلاقی اور جبر سے پاک معاشی ترتیب بھی فراہم کرتی ہے۔

اسلامی نظریہ معیشت میں زکوٰۃ کا بنیادی کردار دولت کی پاکیزگی، معاشرتی اعتدال اور طبقات کے درمیان توازن قائم کرنا ہے۔ جب ریاست اپنے مالی فیصلے زکوٰۃ، صدقات، عشر، خراج اور فیء جیسے شرعی ذرائع کے تحت مرتب کرتی ہے تو معاشی ظلم و زیادتی، جبر اور استحصال کے امکانات بہت حد تک ختم ہو جاتے ہیں۔ اس کے برعکس وہ ٹیکسیشن ماڈل جو بالواسطہ محصولات کے ذریعے کمزور طبقات پر زیادہ بوجھ ڈالے اور مراعات یافتہ طبقے کو رعایت دے، معیشت میں بگاڑ، محرومی، عدمِ توازن اور طبقاتی تقسیم کو بڑھا دیتا ہے۔ یہی ماڈل آج کے دور میں استحصالی ٹیکسوں کے نام سے تعبیر کیا جاتا ہے اور فقہاء کے نزدیک ایسے ٹیکس عوام کے حقوق کے خلاف اور شرعی اصولوں سے متصادم ہیں۔

